اشاریے اور نگران کی راہنمائی سے مدد ملی اور مقالے کے باب اول کو "مجلس ترقی ادب لاہور اور "صحیفہ" کا مختصر تعارف" کے عنوان سے تحریر کیا گیا۔یہ باب مجلس کے آغاز سے حالیہ وقت تک کے چیدہ چیدہ واقعات کی تفصیل اور

صحیفہ کے آغاز سے سن2007 تک "صحیفہ" کے حوالے سے ہونے والے فیصلوں اور بالخصوص2007تا حال کے دوران "صحیفہ" کے خصوصی نمبروں کی تفصیل پر مبنی ہے۔دوسرا باب "اشاریہ سازی کی روایت "کا ہے تیسرے باب سے اشاریہ سازی کی عملی مشق کا آغاز ہوتا ہے۔تیسرا باب شمارہ وار اشاریہ: صحیفہ" ہے۔اس باب میں وقت کی ترتیب سے شائع ہونے والے شماروں میں چھپنے والی نگارشات کا شماروں میں دی گ ی ترتیب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوے اشاریہ تیار کیا گیا ہے۔چوتھا باب "موضوع وار اشاریہ: صحیفہ" ہے۔اس باب میں اصنافِ ادب کے بیشتر موضوعات کو اشاریہ سازی کے عمل کی مدد سے شماروں سے الگ کیا گیا ہے۔پانچواں باب "شخصی اشاریہ:صحیفہ" ہے۔اس باب میں ان تمام اشخاص کا اشاریہ تیار کیا گیا ہے۔جنہیں کسی نہ کسی شمارے میں بذریعہ نام مضمون کے عنوان کا حصہ بنایاگیا ہو۔جبکہ چھٹا باب "مصنف وار اشاریہ: صحیفہ" ہے۔اس باب میں "صحیفہ" کے 2007تا حال چھپنے والے تمام شماروں کے تمام مضامین کے مصنفین کا اشاریہ الف با ی ترتیب میں تیار کیا گیا ہے۔اس مقالے کو دن رات کی محنت و کاوش، مکمل توجہ اور تحقیقی عمل کی تمام ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوے مکمل کیا گیا ہے۔